Maulana Azad National Urdu University

PhD (Urdu Cultural Studies) Coursework I Semester, Examination, Dec-2023

PHUC101CCT: Research Methodology

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i۔ ’’غبار خاطر‘‘ کے مدوّن کا نام کیا ہے؟

(a) مسعود حسین (b) جمیل جالبی (c) قاضی عبدالودود (d) مالک رام

ii۔ ’’اصول تحقیق اور ترتیب متن‘‘ کے مصنف کون ہے؟

(a) تنویر احمد علوی (b) عبدالستار دلوی (c) محمود شیرانی (d) محی الدین قادری زور

iii۔ فرہنگ کسے کہتے ہیں؟

(a) لغت کو (b) عام الفاظ کے معنی کو (c) اصطلاحات کے معنی کو (d) کسی متن کے آخر میں متن سے متعلقہ معانی کو

iv۔ وہ مخطوطہ جس کا ابتدائی اور آخری حصہ نامکمل یا غائب ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) ناقص الاول (b) ناقص الاوسط (c) ناقص الآخر (d) ناقص الطرفین

v۔ ترقیمہ کسے کہتے ہیں؟

(a) کسی بھی تحریر کو (b) تذکرے میں کسی شاعر کے حالات (c) کسی متن پر حاشیہ لکھنا (d) مخطوطہ کے آخر میں کاتب کے نام اور تاریخ کو

vi۔ ’’منشائے مصنف کی بازیافت کو تدوینِ متن کہا جاتا ہے‘‘۔ یہ کس محقق کا قول ہے؟

(a) قاضی عبدالودود (b) حافظ محمود شیرانی (c) رشید حسن خان (d) مشفق خواجہ

vii۔ ذیل کے محققین میں کس نے مولانا آزاد کی اہم ترین کتابوں کی تدوین کی؟

(a) کالی داس گپتا رضا (b) مالک رام (c) مسعود حسین رضوی ادیب (d) حنیف نقوی

viii۔ درج ذیل میں سے کون سی تصنیف گیان چند جین کی ہے؟

(a) اردو کی نثری داستانیں (b) اصول تحقیق مسائل اور تجزیہ (c) مبادیاتِ تحقیق (d) اردو املا

ix۔ حواشی کس سے متعلق ہوتی ہے؟

(a) متن سے (b) مصنف سے (c) تحقیقی کتابوں سے (d) تذکروں سے

P.T.O.

x۔ اصول تحقیق کے مطابق کس مدّون نے اہم ترین کلاسیکی متون کی تدوین انجام دی؟

(a) سیدہ جعفر (b) مولوی عبدالحق (c) عبدالقادر سروری (d) رشید حسن خان

حصہ دوم

2۔ تحقیق کی تعریف کرتے ہوئے چند محققین کی تحقیق کے متعلق رائے بیان کیجیے۔

3۔ ادبی تحقیق کی وضاحت کیجیے۔

4۔ حواشی کی تعریف اور اس کی اہمیت کو اُجاگر کیجیے۔

5۔ مواد کی جمع آواری پر ایک نوٹ لکھیے۔

6۔ متن کی تعریف بیان کیجیے اور تدوینِ متن کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

7۔ مدوّن کی خصوصیات بیان کیجیے۔

8۔ گیان چند جین کی تحقیقی خدمات پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔

9۔ درج ذیل تحقیقی اصطلاحات کی وضاحت کیجیے۔

(الف) تخریج (ب) ترقیمہ (ج) بیاض

حصہ سوم

10۔ اصولِ تحقیق پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

11۔ نوٹس لینے کا طریقہ بیان کیجیے۔

12۔ مسودہ سازی کے عمل میں کن اصولوں کی پیروی کرنی چاہیے؟ وضاحت کیجیے۔

13۔ رشید حسن خان کی تدوینی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

14۔ مخطوطات کی درجہ بندی کے اصول بیان کیجیے۔

☆☆☆

KEY FOR SECTION - I (حصہ اول)

سوال نمبر : 1

i. D

ii. A

iii. D

iv. D

v. D

vi. C

vii. B

viii. A

ix. A

x. D